الیکشن کمیشن آف پاکستان

# Media Coordination and Outreach Wing

## پریس ریلیز

مورخہ 7فروری 2023اسلام آباد

آج الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں منعقد ہوا۔اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری الیکشن کمیشن، چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا، آئی جی خیبر پختونخوا اور الیکشن کمیشن کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

الیکشن کمیشن اور حاضرین نے سانحہ پولیس لائنز کے شہدا کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ بعدازں سیکرٹری الیکشن کمیشن نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ یہ میٹنگ صوبہ خیبر پختونخوا میں صوبائی اسمبلی کے عام انتخابات اور نیشنل اسمبلی کے ضمنی انتخابات کے انتظامات پر چیف سیکرٹری اور آئی جی سے سیکورٹی پر بریفنگ لینے کے لئے بلائی گئی ہے۔

چیف الیکشن کمشنر نے ابتدائی کلمات میں انتخابات کی شفافیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ انتخابات کے دوران غیر جانبدار افسران کی تعیناتی انتہائی ضروری ہے۔ لہذا صوبائی حکومت، چیف سیکرٹری اور آئی جی اس بات کو یقینی بنائیں کہ صوبہ میں تمام انتظامی پوسٹوں پر تعینات افسروں کے تبادلے فوری طور پر انہی بنیادوں پر کئے جائیں تاکہ انتخابات سے قبل غیر جانبدار سٹاف کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے۔اور نیشنل اسمبلی کے ضمنی انتخابات میں بھی جن ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران اور ریٹرننگ افسران کو تعینات کیا گیا ان میں سے بھی اگر کسی کے خلاف شکایت ہو یا اسکا کسی سیاسی پارٹی سے تعلق ہو تو الیکشن کمیشن کو مطلع کیا جائے تاکہ ان کے خلاف ضروری کارروائی کی جائے۔

چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے اس بات کی یقین دہانی کروائی کہ الیکشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ انتخابات سے قبل تمام اضلاع میں غیر جانبدار افسران تعینات ہوں۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ کہ ہم انتخابات کے سلسلے میں مزید بجٹ حکومت سے مانگ رہے ہیں۔

آئی جی خیبر پختونخوا نے اپنی بریفنگ میں بتایا کہ صوبہ میں انتخابات کے انعقاد کے لئے 57000 اہلکاروں کی کمی کا سامنا ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ اگر کشمیر اور گلگت بلتستان سے پولیس فورس کی خدمات لی جائیں تو پھر بھی

Scanned with CamScanner

اس کمی کو پورا نہیں کیا جاسکتا۔اس کمی کو پورا کرنے کے لئے پاک فوج/ فرنٹئر کور کی مدد درکار ہوگی۔مزید انہوں نے بتایا کہ سال 2022 میں پولیس پر 494 حملے ہوئے جبکہ سال 2023 میں اب تک 46 حملے ہوچکے ہیں اسی طرح سال 2022 میں پولیس کے 119 جوان شہید ہوئے جبکہ 2023 میں اب تک 93 جوان شہید ہوچکے ہیں۔انہوں نے یہ بھی بریف کیا کہ انتخابات کے دوران دہشتگردی کی کارروائی کے امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا اور یہ نہیں کہا جاسکتا کہ آئندہ انتخابات مکمل طور پر پُرامن ہونگے۔

اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر نے چیف سیکرٹری اور آئی جی کو بتایا کہ الیکشن کمیشن پاک آرمی/ ایف سی کی تعیناتی کے لئے وزارت داخلہ اور وزارت دفاع سے رابطے میں ہے تاکہ پُرامن انتخابات کا انعقاد ممکن بنایا جائے۔مزید چیف الیکشن کمشنر نے آئی جی خیبر پختونخوا کو ہدایات جاری کیں کہ آرمی اور فرنٹئر کور کی تعیناتی سے متعلق مزید ورکنگ کی جائے اور جلد الیکشن کمیشن کو مطلع کیا جائے تاکہ بروقت متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا جاسکے۔

Scanned with CamScanner




مورخہ 7 فروری 2023: چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ اور معزز ممبران الیکشن کمیشن، الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں جنرل الیکشن کے پی اور ضمنی انتخابات کے حوالے سے میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں